# جغرافیہ

## جوابات : مشقی سوالیہ پرچہ 2

**سوال 1.**

**(1)** (i) کرناٹک - مہاراشٹر - بندیل کھنڈ

**(2)** (iii) ساؤپاؤلو - امیزوناس - ماٹوگراسو

**(3)** (i) ممبئی - گوا - کانڈلا

**(4)** (ii) ریوے گرانڈے - کوئی یابا - پورٹوالگر۔

**سوال 2.**

**(1)** برازیل میں خشک چوگوشہ :

(i) برازیل میں عظیم عمودی چٹان سمندر سے آنے والی ہواؤں کو روک لیتی ہے۔

(ii) برازیل میں عظیم عمودی چٹان کے دوسری طرف ہواؤں کا اثر کم ہوجاتا ہے۔

(iii) برازیل کے شمال مشرقی حصے میں کم بارش ہوتی ہے۔

**(2)** علاقائی سیر کی تیاری :

(i) علاقے کا انتخاب کرنا۔

(ii) علاقائی سیر کے مقاصد طے کرنا۔

(iii) علاقے کی سیر کرنا۔

**(3)** دریائے گنگا کی وادی میں آبادی کی تقسیم :

(i) دریائے گنگا کی وادی کا علاقہ زرخیز ہے۔

(ii) دریائے گنگا کی وادی میں زراعت اور صنعتوں کو فروغ ہوا ہے۔

(iii) دریائے گنگا کی وادی میں گنجان آبادی ہے۔

**(4)** برازیل میں 'مغرب کی سمت چلو' پالیسی :

(i) برازیل کے جنوب اور جنوب مشرقی حصے میں شہرکاری کا تناسب زیادہ ہونے کی وجہ سے یہاں آبادی مرکوز ہوگئی ہے۔

(ii) برازیل کے مغربی اور شمالی حصے میں شہرکاری کا تناسب نسبتاً کم ہے۔

(iii) ملک کے مخصوص علاقوں میں ہونے والی آبادی کی مرکوزیت کو روکنا ضروری ہے۔

سوال 3.

**(1) علاقائی سیر کی روداد لکھنے کے اہم نکات :**

(۱) تمہید۔

(۲) علاقائی سیر کی اہمیت اور اغراض و مقاصد۔

(۳) متعلقہ علاقے کی طبعی ساخت، دریا، تالاب، آب وہوا، بارش، پیشے، صنعتیں، فصلیں، حیوانی زندگی، نباتات، مکانات اوران کی ساخت، آمدورفت کی سہولتیں، آبادی، لوگوں کی غذا، لباس، تمدن وغیرہ کی اکٹھا کی گئی معلومات اور معلوماتی تصاویر، فوٹو، جدول، ترسیم وغیرہ کی مدد سے پیش کش۔

(۴) نتائج، اظہارِ تشکر اور حوالہ جاتی فہرست وغیرہ۔

**(2) جدید مواصلات :**

(۱) اطلاعاتی تکنالوجی اور مواصلات کے زمانے میں کمپیوٹر، موبائل، انٹرنیٹ، سیٹیلائٹ وغیرہ برقیاتی وسائل کی مدد سے مواصلات کیے جاتے ہیں۔

(۲) جدید مواصلات نسبتاً کم خرچ اور زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔

(۳) بھارت میں مواصلات کی صنعت نہایت تیز رفتاری سے ترقی کر رہی ہے۔ بھارت سب سے زیادہ اسمارٹ فون اور انٹرنیٹ استعمال کرنے والے ملک کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

(۴) ملکی تکنالوجی کی مدد سے تیار کیے گئے مصنوعی سیارچوں اور انھیں داغنے کی تکنیک کے استعمال کی وجہ سے مواصلاتی شعبے میں بھارت کا مستقبل نہایت تابناک ہے۔

**(3) برازیل کی جنگلاتی زندگی :**


(۱) برازیل کی جنگلاتی زندگی انتہائی مالا مال ہے۔ دنیا کے دیگر کسی بھی ملک کی بہ نسبت برازیل کی جنگلاتی زندگی میں تنوع زیادہ پایا جاتا ہے۔

(۲) برازیل کے دلدلی علاقے پینٹانال میں دیوقامت ایناکونڈا پایا جاتا ہے۔ برازیل میں بڑے گنی پگ، مگرمچھ، گھڑیال، بندر، پیوما، تیندوا وغیرہ بھی پائے جاتے ہیں۔

(۳) مچھلیوں کی انواع میں بحراوقیانوس کی سورڈفش اور دریا میں پرِ ھانا اور گلابی ڈالفن یہاں کی خصوصیات ہیں۔

(۴) بہت بلندی پر اڑنے والا بڑی جسامت کا پرندہ کونڈور، مختلف اقسام کے طوطے، مکاؤ، فلیمنگو جیسے پرندوں کی انواع پائی جاتی ہیں۔ ہزاروں اقسام کے کیڑے بھی یہاں کی جنگلاتی زندگی کی خصوصیت ہیں۔

سوال 4. (A)




اشاریہ :

| نمبر شمار | نشان اور علامات | بیان |
|---|---|---|
| (1) | (نقطے دار) | اوسط گنجان آبادی والی ریاست - کرناٹک |
| (2) | (ہلکا سایہ) | مغربی ہمالیہ |
| (3) | ⚓ | وشاکھاپٹنم بندرگاہ |
| (4) | (ترچھی لکیریں) | گنجان آبادی والی ریاست - اتر پردیش |
| (5) | (گہرا سایہ مع نقطہ) | زیادہ بارش والا علاقہ - چیراپونجی |
| (6) | (جالی دار) | سندری درختوں کا علاقہ |

**سوال 4. (B)**

**(1)** نقشے کو چار منطقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

**(2)** یہ منطقے برازیل کے معیاری اوقات کو ظاہر کرتے ہیں۔

**(3)** عمومی طور پر صفر درجے طول البلد کے لحاظ سے عالمی معیاری وقت کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس طول البلد کے مغرب میں واقع مقامات کا وقت 'عالمی معیاری وقت' سے پیچھے ہوتا ہے۔

**(4)** برازیل کے انتہائی مشرقی منطقے میں وقت دیگر منطقوں سے آگے ہے۔

**(5)** لال رنگ کا مخصوص خطہ برازیل کے منظور شدہ معیاری وقت کو ظاہر کرتا ہے۔

**سوال 5.**

**(1)** (ا) علاقائی سیر کے دوران معلومات درج کرنے کے لیے بیاض، قلم، پنسل، کیمرہ وغیرہ کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۲) علاقے سے پانی، مٹی، پتھر، نباتات وغیرہ کے نمونے اکٹھا کرنے کے لیے کاغذ کی تھیلی یا بند ڈھکن والے ڈبے ضروری ہوتے ہیں۔

(۳) علاقائی سیر کے مقصد کے لحاظ سے معلومات اکٹھا کرنے کے لیے سوال نامہ ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے علاقائی سیر کے دوران ضروری ساز وسامان اور سوال نامہ ساتھ لینا ضروری ہے۔

**(2)** (ا) عام طور پر منطقۂ باردہ کے ملکوں میں قطبی ہواؤں کی وجہ سے باقاعدہ برف باری ہوتی ہے۔ اسی طرح سمندر کی سطح سے کافی اونچائی پر واقع پہاڑی سرد علاقوں میں بھی برف باری ہوتی ہے۔

(۲) برازیل کا محل وقوع منطقۂ باردہ میں نہیں، منطقۂ حارہ میں ہے۔

(۳) برازیل میں بہت اونچے اونچے پہاڑی علاقے نہیں ہیں اس وجہ سے برازیل میں ہمیشہ برف باری نہیں ہوتی۔

**(3)** (ا) کیڑے مکوڑوں کی افزائش عام طور پر گھنے جنگلات، گھاس کے خطوں اور دلدلی علاقوں میں ہوتی ہے۔

(۲) درختوں کے پتے، گھاس پھوس، پھولوں کا رس وغیرہ عام طور پر ان کیڑے مکوڑوں کی خوراک ہوتی ہے۔


(۳) برازیل کے شمالی حصے میں گھنے بارانی جنگلات، پیراگوے۔ پیرانا دریاؤں کی وادی میں گھاس کے خطے اور پینٹانال میں دلدلی علاقے پائے جاتے ہیں۔ اس لیے برازیل میں کیڑے مکوڑوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

**(4)** (ا) برازیل کے مشرقی ساحلی علاقوں میں ابتدائی بستیاں قائم ہوئی تھیں۔

(۲) برازیل کے مشرقی ساحلی علاقوں میں وافر مقدار میں پانی، قدرتی وسائل، معدنیات کے ذخائر، آمد و رفت اور بجلی کی سہولت دستیاب ہے۔

(۳) مذکورہ عوامل کے نتیجے میں اس علاقے میں زراعت، تجارت اور صنعتوں کا فروغ ہوا ہے۔ اسی بنا پر برازیل میں انسانی بستیوں کی مرکوزیت مشرقی ساحلی علاقوں میں پائی جاتی ہے۔

**سوال 6. (A)**




(1) بھارت کی کل قومی پیداوار میں تجارت کا حصہ زیادہ ہے۔

(2) ٢٠١٦ء میں بھارت کی کل قومی پیداوار میں تجارت کا حصہ ٤٠% ہے۔

(3) ١٩٨٠ء میں برازیل کی کل قومی پیداوار میں تجارت کا حصہ ٢٠% ہے۔

**یا**

**سوال 6. (B)**

(1) مذکورہ بالا دونوں ترسیمیں بھارت اور برازیل کے تناسب جنس کو ظاہر کرتی ہیں۔

(2) بھارت میں مردوں کی تعداد زیادہ ہے۔

(3) برازیل میں عورتوں کی فی ہزار تعداد زیادہ ہے۔

(4) ٢٠٠١ء کے بعد برازیل میں خواتین کی تعداد تیز رفتاری سے بڑھی ہے۔

(5) ١٩٦١ء میں بھارت میں خواتین کی فی ہزار تعداد ٩٤٠ تھی۔

(6) برازیل میں خواتین کی فی ہزار تعداد ١٠٠٠ سے زیادہ ہے۔

**سوال 7.**

**(1)** برازیل کی بلندزمین کی خصوصیات درج ذیل ہیں :

(۱) جنوبی برازیل ایک وسیع سطح مرتفع پر مشتمل ہے۔اسے برازیل کی سطح مرتفع، برازیل کی بلندزمین یا برازیل کا ڈھلوانی حصہ جیسے مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

(۲) برازیل کی بلندزمین کی جنوبی اور مشرقی حصے کی بلندی تقریباً ۱۰۰۰ میٹر ہے۔البتہ دوسرے حصوں کی بلندی ۵۰۰ تا ۱۰۰۰ میٹر کے درمیان ہے۔

(۳) برازیل کی بلندزمین کی اونچائی شمال کی جانب بتدریج کم ہوتی جاتی ہے۔اس سمت میں اس کی ڈھلان بہت تیز نہیں ہے۔

(۴) برازیل کی بلندزمین کی شمالی سمت کی ڈھلان سے کئی دریا نکلتے ہیں۔

(۵) اس خطے میں امیزان کے کئی معاون دریا بہتے ہیں۔ان میں جھرنے اور آبشار دکھائی دیتے ہیں۔

(۶) برازیل کی سطح مرتفع کی جنوبی سمت کی ڈھلان سے پیراگوے، پیرانا، اروگوے وغیرہ دریا نکلتے ہیں جو برازیل سے بہتے ہوئے ملک ارجنٹینا میں داخل ہوجاتے ہیں۔

(۷) برازیل کی سطح مرتفع کی مشرقی ڈھلان انتہائی تیز ہے جو عمودی چٹان کہلاتی ہے۔

(۸) برازیل کی بلندزمین (ڈھلانی حصہ) اور گیانا کی بلندزمین (ڈھلانی حصہ) ایک ساتھ براعظم جنوبی امریکہ کے مرکزی علاقے مانے جاتے ہیں۔

**(2)** بھارت میں دریاؤں کی آلودگی پر قابو پانے کے لیے مندرجہ ذیل منصوبے جاری ہیں :

(۱) سیوریج کے پانی کی پروسینگ کے بغیر نکاسی پر پابندی لگانا۔

(۲) کارخانوں کے آلودہ پانی کو صاف کرنے کے پروسیس سے گزار کر ندی میں چھوڑنا۔

(۳) دریاؤں کے ساحل پر جانے والے سیاحوں سے پانی آلودہ نہ ہو اس غرض کے لیے رہنما ہدایتوں کا بورڈ لگانا اور صفائی کی اہمیت واضح کرنا۔

(۴) دریاؤں کے پانی سے گندگی اور کچرا نکال کر اس کو پاک وصاف کرنا وغیرہ۔

**(3)** (۱) برازیل کے جنوب اور جنوب مشرقی حصے میں مختلف صنعتی علاقوں اور خصوصاً ریاست ساؤ پاؤلو اور کئی صنعتی علاقوں میں شہرکاری کا تناسب بہت زیادہ ہے۔

(۲) ملک کے مغربی اور شمالی حصوں میں شہرکاری مقابلتاً کم ہے۔

(۳) ملک کے مخصوص علاقوں میں آبادی کے اضافہ اور انسانی بستیوں کی مرکوزیت کو روکنے کی خاطر برازیل کی حکومت نے ''مغرب کی سمت چلو'' کی پالیسی کو بڑھاوا دیا ہے۔

(۴) اس پالیسی کی وجہ سے صرف مخصوص حصوں (جنوب مشرقی) میں شہرکاری کو کم کیا جاسکتا ہے۔اس کے نتیجے میں آبادی غیر مرکوز ہوگی اور ملک کی آبادی کی تقسیم کا عدم توازن کم ہوگا۔

★★★